22مارچ2023ء

اسٹیٹ بینک نے رمضان المبارک کے دوران دفتری اور کاروباری اوقات کا اعلان کر دیا

رمضان المبارک 1444ھ کے مقدس مہینے کے دوران بینک دولت پاکستان میں مندرجہ ذیل دفتری اوقات پر عمل کیا جائے گا جن پر تمام بینک، ترقیاتی مالی ادارے اور مائیکرو فنانس بینک بھی عمل کریں گے۔

پیر تا جمعرات: صبح نو بجے سے سہ پہر ساڑھے تین بجے تک جبکہ دو سے ڈھائی بجے تک نماز کا وقفہ

جمعہ: صبح ساڑھے آٹھ بجے سے دوپہر ایک بجے تک بلا وقفہ

تاہم مزید یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ پبلک ڈیلنگ کے لیے مندرجہ ذیل کاروباری (بینکاری) اوقات پر عمل کیا جائے۔

پیر تا جمعرات: صبح نو بجے سے دوپہر دو بجے تک بلا وقفہ

جمعہ: صبح ساڑھے آٹھ بجے سے دوپہر ایک بجے تک بلا وقفہ

رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے بعد وہی اوقات کار لاگو ہو جائیں گے جو رمضان المبارک سے پہلے نافذ تھے۔

***